سوال

(830)بیس رکعت تراویح پڑھنے والوں کے پیچھے آٹھ رکعت تراویح

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید اہلِ حدیث مسلک سے تعلق رکھتا ہے لیکن بعض مجبوریوں کے باعث بیس رکعت تراویح پڑھنے والوں کے پیچھے آٹھ رکعت تراویح پڑھتا ہے حل طلب مسائل درج ذیل ہیں :

۱۔ اپنی مجبوری کے باعث اس کو ایسا کرنا صحیح ہے ؟

۲۔ وہ شروع کی آٹھ رکعت باجماعت ادا کرے یا اخیر کی یا درمیان میجہاں سے چاہے،جماعت میں شامل ہو کر آٹھ پوری کر لے ؟

۳۔ کیا وہ اپنی مجبوری کے باعث،جماعت چھوڑ کر تنہا کسی طرف اپنی الگ تراویح ادا کر سکتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بوقتِ ضرورت مرقوم تمام امور کا جواز ہے۔ البتہ الگ پڑھنے کی صورت میں بہتر ہے گھر جا کر پڑھے کیونکہ نفلی نماز گھر میں پڑھنا افضل ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ:704

محدث فتویٰ